فوری ریلیز کے لیے: 2024/22/5 | ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک میں آب و ہوا سے موافقت رکھنے والی عمارتوں کو فروغ دینے کے لیے ایمپائر بلڈنگ چیلنج کے جزو کے طور پر 11 سرکردہ ریئل اسٹیٹ گروپس منتخب کر لیے گئے ہیں

یہ نیا ڈیجیٹل وسیلہ NYSERDA اور ایمپائر بلڈنگ چیلنج کے سرکردہ پارٹنرز نے براڈ اسکیل بلڈنگ ڈیکاربونائزیشن کی معاونت کے لیے بنایا ہے

سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی کے تحفظ کے ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک میں آب و ہوا سے موافقت رکھنے والی ملٹی-فیملی عمارتوں کو فروغ دینے کے لیے $50 ملین والے ایمپائر بلڈنگ چیلنج کے تیسرے راؤنڈ میں 11 سرکردہ ریئل اسٹیٹ گروپس منتخب کر لیے گئے ہیں۔ آج کے اعلان میں "The Retrofit Playbook for Large Buildings" کا اجراء بھی شامل ہے – جو بڑی تجارتی اور متعدد خاندانوں کی رہائش والی عمارتوں میں کاربن کی غیر جانبداری کو فروغ دینے میں عمارتوں کے مالکان کی مدد کے لیے ایک مفت آن لائن وسیلہ ہے اور جس میں خاص طور پر کمرشل دفتری جگہوں میں ڈیکاربونائزیشن کا عمل فعال کرنے کے لیے پہلے سے تیار کردہ منصوبہ بندی رہنمائیوں کا ایک مجموعہ بھی شامل ہے۔ نیو یارک کا امپائر بلڈنگ چیلنج اور اسے مزید مہمیز دینے والا Playbook سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے والے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے اہداف کی جانب ریاست کی پیشرفت کو تیز تر کرنے اور دو ملین ماحول دوست مکانات تیار کرنے کے لئے گورنر کے عزم کا لازمی حصہ ہیں۔

"نئی صاف، لچکدار ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاریاں کرنا ایک ایسا طریقہ ہے جو نیویارک میں ہمارے آب و ہوا سے متعلق ایکٹ کے اہداف کی جانب پیشرفت کو مزید آگے بڑھا رہا ہے، اور ایمپائر بلڈنگ چیلنج اونچی اونچی عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے والے سب سے کامیاب پروگراموں میں سے ایک ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ پروگرام مسلسل یہ اظہار کرتا رہتا ہے کہ کس طرح باہمی شراکت داری ایسے حل تیار کر سکتی ہے جو عمارتوں سے نقصان دہ اخراج کو کم کریں گے اور نیو یارک کے تمام باشندوں کے رہنے اور کام کرنے کے لیے صحت مند جگہیں بنائیں گے، اور میں وہ سب مثبت چیزیں دیکھنے کی منتظر ہوں جو یہ نیا دور لائے گا۔"

نئے شراکت دار
چیلنج کے تیسرے راؤنڈ کے ذریعے، جو ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کے زیر انتظام ہے، 11 رئیل اسٹیٹ شراکت داروں کو منتخب کیا گیا تاکہ ایک ایسے قابل نقل، کم کاربن والا ریٹروفٹ توضیحی پروجیکٹ کا نفاذ کیا جائے جو ان کی متعدد خاندانوں والی عمارت (عمارتوں) کو ڈیکاربونائز کرنے کی راہ سے ایک یا مزید رکاوٹیں دور کرتا ہو۔ جن نئے شراکت داروں کو ایوارڈ دیے گئے ہیں انکے پاس پوری ریاست نیو یارک میں 18,700 قابل استطاعت ہاؤسنگ یونٹس سمیت 1.7 ملین مربع فٹ سے زیادہ رئیل اسٹیٹ اور 133,500 رہائشی یونٹس موجود ہیں۔ یہ شراکت دار ایمپائر بلڈنگ چیلنج پروگرام میں 29 شوکیس عمارتوں کو فروغ دے رہے ہیں – جن میں سے 25 عمارتیں پسماندہ کمیونٹیز میں واقع ہیں، جیسا کہ نیویارک سٹیٹ کلائمیٹ جسٹس ورکنگ گروپ (New York State

Climate Justice Working Group) میں وضاحت کی گئی ہے۔ یہ ایوارڈز چیلنج کے رئیل اسٹیٹ شراکت داروں کی جانب سے 50$ ملین سے زیادہ کی نجی سرمایہ کاری کی راہیں بھی کھول رہے ہیں اور ساتھ ہی عالمی حیثیت رکھنے والے حل فراہم کنندگان کو بھی متوجہ کر رہے ہیں جس سے ریاست نیو یارک میں جدت طرازی اور کاروباری سرمایہ کاری آئے گی۔

11 شراکت داروں اور ان کی ٹیموں میں سے ہر ایک کو اپنے ڈیکاربونائزیشن روڈ میپ کی ترقی میں مدد و معاونت کے لیے 100,000$ دیے جائیں گے جس سے وہ ایسی مختلف راہیں تلاش کر سکیں گے اور ایسے مختلف منصوبے بنا سکیں گے جنہیں وہ لاگو کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ نوازے گئے منصوبوں میں شامل ہیں:

Ascendant Neighborhood Development

- ٹیم میں شامل ہے: MaGrann Associates اور Paul A. Castrucci Architects
  - تین عمارتیں:
    - 58 E 132 St., New York, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، 61 یونٹس
    - 53 E 131 St., New York, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، 28 یونٹس
    - 421 E 116 St., New York, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، 63 یونٹس

Chartered Properties

- ٹیم میں شامل ہے: LaBella Associates, Optimized Thermal Systems, Sunamp
  - سات عمارتیں، 95 یونٹس جو کاربن غیرجانبداری کے لیے پرعزم ہیں:
    - 1336-40 Bergen St., Brooklyn, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، 24 یونٹس
    - 1342 Bergen St., Brooklyn, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، 16 یونٹس
    - 226 Schaefer St., Brooklyn, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، چھ یونٹس
    - 586 Wilson St., Brooklyn, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، چھ یونٹس
    - 55 Arlington St., Brooklyn, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، چھ یونٹس
    - 78 Herkimer St., Brooklyn, NY*
      - قابل استطاعت رہائشی، 29 یونٹس
    - 462 Nostrand St., Brooklyn, NY
      - قابل استطاعت رہائشی، آٹھ یونٹس

Fairstead

- ٹیم میں شامل ہے: Kelvin Systems اور Inglese Architecture & Engineering
  - سات تک عمارتیں جنکے سب سے آگے 45 W 139 St., New York, NY* ہے
  - قابل استطاعت رہائشی، 256 یونٹس؛ جو 1,790 یونٹس کے سات عمارتوں والے کیمپس میں شامل ہیں۔

FirstService Residential

- ٹیم میں شامل ہے: Jaros, Baum & Bolles Consulting Engineers, LLP
  - ایک عمارت:

- 111 W 67 St., New York, NY
- ملا جلا استعمال، 284 یونٹس

HANAC

- ٹیم میں شامل ہے: Steven Winter Associates
  - ایک عمارت:
    - *27-40 Hoyt Avenue, Astoria, NY
    - قابل استطاعت سینئر ہاؤسنگ, 184 یونٹس

Joint Ownership Entity NYC

- ٹیم میں شامل ہے: MaGrann Associates and CTA Architects
  - چار عمارتیں:
    - *439 W 125 St., New York, NY
    - قابل استطاعت ملے جلے استعمال والی عمارت، 21 یونٹس
    - *865 E 167 St., Bronx, NY
    - قابل استطاعت رہائشی، 55 یونٹس
    - *1203 Fulton Avenue., Bronx, NY
    - قابل استطاعت رہائشی، 29 یونٹس
    - *575 E 168 St., Bronx, NY
    - قابل استطاعت رہائشی، 9 یونٹس

Chelsea New York Realty Company LLC

- ٹیم میں شامل ہے: RE Tech Advisors
  - ایک عمارت:
    - 776 Sixth Ave., New York, NY
    - ملا جلا استعمال، 387 یونٹس

RiseBoro Community Partnership

- ٹیم میں شامل ہے: Steven Winter Associates
  - دو عمارتیں:
    - * 43 & 63 Central Avenue, Brooklyn, NY
    - قابل استطاعت رہائشی، 98 یونٹس

Syracuse Housing Authority

- ٹیم میں شامل ہے: Cycle Retrotech, Taitem Engineering, اور Hydronic Shell Technologies
  - ایک عمارت:
    - *418 Fabius St., Syracuse, NY
    - قابل استطاعت رہائشی، 54 یونٹس

WinnDevelopment

- ٹیم میں شامل ہے: SWBR, Open Market ESCO, اور Rocky Mountain Institute
  - ایک عمارت:
    - 471 John James Audubon Pkwy, Amherst, NY
    - قابل استطاعت رہائشی (سینئر ہاؤسنگ)، 65 یونٹس

Sisters of Charity Housing Development Corporation

- ٹیم میں شامل ہے: KOW Building Consultants, Purpose by Design Architects, اور Ettinger Engineering

- ایک عمارت، 2035 تک اسٹیٹن آئی لینڈ میں واقع انکی تمام پراپرٹیز (کُل سات عمارتیں، 451 یونٹس) پر قدرتی ایندھن کے استعمال میں 10 فیصد کمی کرنے کے اضافی عزم کے ساتھ:
150 Brielle Ave., Staten Island, NY -
- قابل استطاعت سینئر ہاؤسنگ, 80 یونٹس

* یہ پروجیکٹ ایک پسماندہ کمیونٹی میں واقع ہے

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "نیویارک کا یہ اچھوتا اور انوکھا ایمپائر بلڈنگ چیلنج پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی اہمیت کو بھی اجاگر کر رہا ہے اور عملی طور پر یہ بھی دکھا رہا ہے کہ کس طرح بڑی عمارتیں باقائدہ منصوبہ بنا کر سرمایہ کاری کرنے کے ذریعے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے والے حل کا اہم حصہ بن رہی ہیں۔ اس نئے راؤنڈ کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر بڑی عمارتوں کے لیے یہ Retrofit Playbook دیگر عمارت مالکان کے لیے بھی اس وقت محرک کا کام کرے گی جب وہ اپنی عمارتوں کی جدت کاری کروائیں گے۔"

تجاویز کا جائزہ لینے کے لیے NYSERDA نے جو معیار استعمال کیا اس میں متعدد خاندانوں والی عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے کے بڑے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے پروجیکٹ کی توسیع پذیری اور اسکا قابل عمل ہونا دیکھا گیا، نیز یہ بھی دیکھا گیا کہ عمارتوں کے مالکان اپنی عمارتوں کے پورٹ فولیو میں ان حلوں کو نافذ کرنے کے لئے رضامند بھی ہوں اور ان میں اسکی صلاحیت بھی موجود ہو۔ ان تمام ریٹروفٹ پروجیکٹس کی مزید تفصیلات NYSERDA کے امپائر بلڈنگ چیلنج کی [ویب سائٹ] پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

اس اعلان کے ساتھ، ایمپائر بلڈنگ چیلنج کی اب 27 ایسے سرکردہ رئیل اسٹیٹ مالکان کے ساتھ شراکت داری ہو گئی ہے جو نیویارک میں 400 ملین مربع فٹ کمرشل اور ملٹی فیملی رئیل اسٹیٹ کو کنٹرول کرتے ہیں اور جس میں سے وہ 128 ملین مربع فٹ سے زیادہ کو ڈیکاربونائز کرنے کے کھلے وعدے کر رہے ہیں۔ مجموعی طور پر، یہ شراکت دار نیو یارک شہر میں 20 فیصد تجارتی دفاتر کی جگہیں اور پوری ریاست میں رہائشی مقاصد والے 200,000 سے زیادہ یونٹس کو کنٹرول کرتے ہیں۔ اس سے اعلیٰ معیار، بلند و بالا تجارتی عمارتوں کے لیے کم کاربن والے حلوں، اور متعدد خاندانوں کے زیرِ استعمال تمام عمارتوں کے لیے نیویارک کی رئیل اسٹیٹ کی جانب سے ایک واضح سگنل کی نمائندگی ہو رہی ہے۔

ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "ایمپائر بلڈنگ چیلنج کے ذریعے کی جانے والی سرمایہ کاریاں اس پہلو میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہیں کہ عمارت سازی کی صنعت کس طرح ترقی کرتی ہے اور آب و ہوا کے موافق حلوں کو کیسے لاگو کرتی ہے – جو ہماری عمارتوں کو جدید تر بنانے، ہوا کا معیار بہتر بنانے، اور نیو یارک کے لوگوں کے لیے توانائی کی زیادہ بچت کرنے والی کام کی جگہیں فراہم کرنے والی ہماری کوششوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ میں گورنر Hochul اور NYSERDA کا دل سے معترف ہوں کہ انہوں نے آج ہمارے ماحولیاتی اور صاف توانائی والے اہداف کی حمایت جاری رکھنے والا یہ اعلان کیا۔"

بڑی عمارتوں کے لیے Retrofit Playbook

[بڑی عمارتوں کے لیے Retrofit Playbook] اولین پلے بک یعنی *ایمپائر بلڈنگ پلے بک* کی کامیابیوں سے استفادہ کر رہا ہے: *An Owner's Guide to Low Carbon Retrofits* کی رونمائی 2022 کے یوم ارض پر کی گئی تھی اور یہ NYSERDA اور Empire State Realty Trust, Inc. (ESRT) اور ایمپائر بلڈنگ چیلنج کے دیگر رئیل اسٹیٹ پارٹنرز کے درمیان شراکت کے ذریعے تیار کی گئی تھی۔ اصل پلے بک کو نئے سرے سے تحریر اور تیار کیا گیا ہے جس میں ایسی نئی کیس اسٹڈیز شامل ہیں جن میں متعدد خاندانوں کے زیر استعمال عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے کے چیلنجز پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، اور اب اس میں عمارتوں کے مالکان اور انکی تکنیکی ٹیموں کو کم کاربن ریٹروفٹ پروجیکٹس کی منصوبہ بندی کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے میں مدد کے لیے ایک توسیع شدہ وسائل والی لائبریری بھی شامل کر دی گئی ہے۔ بڑی عمارتوں کے لیے تیار کردہ یہ نئی اور زیادہ بہتر آن لائن ریٹروفٹ پلے بک (Retrofit Playbook for Large Buildings) نیو یارک سٹی میں تجارتی بنیاد پر کرائے

پر دی جانے والی دفاتر کی جگہوں کو ڈیکاربونائز کرنے کے بہترین طریقوں کی مثالیں بھی پیش کر رہی ہے، جو کہ عمارتوں کی ڈیکاربونائزیشن کا ایک کلیدی شعبہ ہے۔

اس پلے بک میں اب کمرشل اور ملٹی فیملی عمارتوں سمیت مختلف عمارتوں کی کیس اسٹڈیز بھی شامل کی گئی ہیں، خاص طور سے قابل استطاعت سستی رہائشگاہوں، رہائشی عمارتوں اور بلند و بالا عمارتوں کی۔ ان میں سے زیادہ تر نئے منصوبے پسماندہ کمیونٹیز میں واقع ہیں اور انکی حکمت عملی میں مشکل و پیچیدہ عمارتوں کو وقت کے ساتھ ساتھ ڈیکاربونائز کرنے کے لیے سرمایہ کاریوں کے مؤثر طریقے، پراجیکٹ کے لیے مخصوص تکنیکی معلومات، اور عمارتوں کے مالکان کے لیے اپنی پراپرٹیز توانائی اور کاربن میں گہری کمی کرنے والے اہداف کے حصول کے لیے بہترین طریقوں پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس سے صاف توانائی اور کم سے درمیانی آمدنی والے رہائشیوں کے آرام اور صحت کی منصفانہ اور مساوی منتقلی میں بھی مدد مل رہی ہے۔

Playbook سے ملنے والے اہم ترین سبق یہ ہیں:

- **حرارت پر توجہ مرکوز کریں:** حرارت کو کم کرنا، ری سائیکل کرنا اور ذخیرہ کرنا عمارت کے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور سرمایہ کاریوں پر زیادہ منافع حاصل کرنے کا بنیادی طریقہ ہے۔
- **چھوٹے اقدامات بڑے اثرات پیدا کرتے ہیں:** بتدریج بڑھتی ہوئی سرمایہ کاریوں کے ذریعے وقت کے ساتھ ساتھ کاربن میں نمایاں کمی آ جاتی ہے۔
- **توانائی کے روایتی آڈٹس کافی نہیں ہیں:** ڈیکاربونائزیشن کے لیے پوری عمارت کے ہیٹنگ اور کولنگ نظام، تازہ ہوا کی آمد و رفت کے نظام، پانی گرم کرنے کے گھریلو اور ملفوف نظاموں کے تجزیے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- **کرایہ دار سب سے اہم ہیں:** اگر کرایہ دار طلب کا مظاہرہ کریں تو عمارتوں کے مالکان موسمیاتی تبدیلیوں سے موافقت رکھنے والی دفتری جگہوں میں سرمایہ کاریاں تیز کر دیں گے۔

وقت کے ساتھ ساتھ اضافی کیس اسٹڈیز بھی پلے بک میں شامل کی جاتی رہیں گی، جن میں ایمپائر بلڈنگ چیلنج کے شراکت داروں کے کاموں کو اجاگر کیا جائے گا۔

Building Energy Exchange, Rocky Mountain Institute, اور (Urban Land Institute (ULI اس ویب سائٹ کے ڈیزائن اور تعمیر کے پورے عمل میں بہت قیمتی پارٹنرز رہے، جس میں ڈیزائن کی تکرار کے ذریعے ان پٹ فراہم کرنے کے لیے صنعتی مہارتیں لائی گئیں اور Playbook کا تصور قائم کرنے اور اسے تیار کرنے کے لیے بہترین درجے والے صارف تجربات (UX) اور گرافک ڈیزائن کنسلٹنٹس سے استفادہ کیا گیا۔ یہ پارٹنرز Playbook کو مزید وسعت دینے، اس میں نیا مواد شامل کرنے، اور عوام کی جانب سے دی جانے والی آراء، وسائل اور کیس اسٹڈیز کے نظم و نسق میں باہمی تعاون کرنا جاری و ساری رکھیں گے۔

Building Energy Exchange کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Richard Yancey, FAIA, LEED AP نے کہا، "دو سال سے زیادہ عرصے سے، BE-Ex نے ہمارے تعلیمی پروگراموں اور وسائل کے ذریعے EBC کی مدد و معاونت کی ہے، جس کے ذریعے EBC شراکت دار اور ان کے اہم منصوبوں کی حیران کن کہانیاں شیئر کی گئیں۔ ہم اس نئے معلوماتی پلیٹ فارم کو شروع کرتے ہوئے بہت پُرجوش ہیں، جو نہ صرف بڑی عمارتوں کی ڈیکاربونائزیشن کے لیے ایک اہم نقطہ نظر کی وضاحت کر رہا ہے بلکہ عمارتوں کے مالکان، مینیجرز، اور حل فراہم کرنے والوں کو حقیقی دنیا کی کیس اسٹڈیز کے ذریعے اسٹریٹجک ڈیکاربنائزیشن کے لیے بلیو پرنٹس، ان پروجیکٹس کی تفصیلات، اور قابل اعتماد ٹولز اور وسائل بھی فراہم کر رہا ہے۔"

Rocky Mountain Institute کے پرنسپل Brett Bridgeland نے کہا، "The Retrofit Playbook for Large Buildings پلے بک تین مراحل پر مشتمل ایک ایسا اسٹریٹجک ڈیکاربونائزیشن لائحہ عمل پیش کر رہی ہے جس پر ریئل اسٹیٹ کی صنعت کے لیڈروں اور ماہر کنسلٹنٹس نے مہر تصدیق ثبت کی ہے۔ عمارتوں کے مالکان اور ان کی ٹیمیں مؤثر ڈیکاربنائزیشن کے لیے سرمائے کی طویل المدتی منصوبہ بندیوں کے ساتھ اور عمدہ حکمت عملیوں کے ساتھ تیار کیے مربوط انجینئرنگ حلوں کے ذریعے اپنی جائدادوں کی جدت کاری کے لیے اس نقطہ نظر کا استعمال کر سکتی ہیں۔ اس پلے بک میں درج تکنیکی وسائل ہی اسے نمایاں بنا رہے ہیں۔"

ULI Randall Lewis Center for Sustainability in Real Estate کی شریک ایگزیکٹو ڈائریکٹر Marta Schantz نے کہا، "بڑی جائدادوں کو نئے سرے سے تیار کرنا ایک مشکل عمل ہوتا ہے۔ ان میں بجلی اور سرد آب و ہوا کی پیچیدگیوں کو شامل کریں تو یہ مشکلات اور بھی بڑھ جاتی ہیں۔ ULI کو بہت مسرت ہے کہ NYSERDA بڑی عمارتوں کے وسائل کے لیے اپنی نئی Retrofit Playbook کے ذریعے مارکیٹ کو اسٹریٹجک ڈیکاربنائزیشن کے بارے میں معلومات اور آگاہی دے رہا ہے۔"

عمارتیں ریاست نیو یارک میں گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کے اہم ترین ذرائع میں سے ایک ہیں۔ NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگرامز کے ذریعے، عمارتوں کو ڈی کاربنائز کرنے کے لیے 6.8$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ عمارات میں توانائی کی بچت کو بہتر بنا کر اور آن سائٹ سٹوریج، قابل تجدید ذرائع، اور الیکٹرک وہیکل چارجنگ آلات کی ریاست بھر میں تنصیب کو آگے بڑھا کر، ریاست اپنی کاربن کی آلودگی کو کم کرے گی اور سنہ 2025 تک سائٹ پر توانائی کی کھپت کو 185 TBtu تک کم کرنے کے ریاست کے پُرعزم ہدف کو حاصل کرے گی، جو کہ 1.8 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے برابر ہے۔ عمارتوں کے مالکان، حل فراہم کنندگان، صنعت کار، اور دیگر دلچسپی رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں جس میں امپائر بلڈنگ چیلنج کے بارے میں مزید تفصیلات بھی دستیاب ہیں اور یہ بھی معلوم کیا جا سکتا ہے کہ NYSERDA کے ساتھ شراکت داری کیسے کی جائے گی، کاربن کے اخراج کو کیسے کم کیا جائے، اور صاف توانائی کی معیشت میں شمولیت کیسے اختیار کی جائے۔

اس پروگرام کو NYSERDA کے 10 سالہ، 6$ بلین والے کلین انرجی فنڈ (Clean Energy Fund, CEF) کے ذریعے فنڈنگ دی جاتی ہے۔ CEF کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اورNY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں